☆ راز کا تعارف' ماہیت اور اقسام

☆ راز کی حفاظت: قرآن وحدیث کی روشنی میں

☆ صحابہ کرامؓ اور حفاظت راز

☆ تابعینؒ اور حفاظت راز

☆ حکام کے لیے حفاظت راز کی اہمیت

☆ حکومتی رازوں کی شرعی حیثیت

☆ افشائے راز کا معنی' طریقے' اقسام اور نقصانات

☆ افشائے راز بطور جرم اور اس کی سزا

☆ وہ احوال جن میں افشائے راز جائز ہے' وغیرہ۔

ان انتہائی اہم موضوعات کے لیے فاضل مؤلف نے قرآن وسنت' سیرت وتاریخ اور فقہ وادب کے ہزاروں صفحات کا بڑی محنت اور دیدہ ریزی سے مطالعہ کیا ہے اور گوہر مقصود کو قارئین کے سامنے رکھ دیا ہے۔

اصل کتاب عربی زبان میں تھی' مولانا محمد جان حقانی نے اردو قارئین کے لیے اس کا ترجمہ کیا ہے۔ اردو زبان میں ہماری معلومات کی حد تک اس موضوع پر یہ پہلی کاوش ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ فاضل مصنف کی اس عظیم کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے نظامِ رازداری (Secrecy System) کو اسلامی خطوط پر استوار کرنے کے لیے سنگِ میل قرار دے۔

(۶)

نام کتاب : فہم دین اسلام (تعلیمی وتربیتی کورس) پارٹ I

مرتبین : غازی محمد اسحٰق' عبدالستار اللہ

ضخامت : ۱۴۴ صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کے پتے: ☆ ادارہ علم القرآن' بوتل بازار شاہ عالم مارکیٹ' لاہور

☆ انجینئر عبدالستار خان اللہ' Q-357' ماڈل ٹاؤن' لاہور

مرتبین کے ذہن میں اسلامی تعلیم کی نشر واشاعت کا ایک بڑا منصوبہ ہے۔ یہ کتاب اس سلسلہ کا آغاز ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اس دینی اور تعلیمی نصاب کی تدریس ایک معلّم کے ذریعے ہو جو طلبہ کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے اوقات مقرر کرے۔ گھریلو خواتین بھی ایک جگہ مل بیٹھ جائیں تو اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔

یہ کتاب چار حصوں پر مشتمل ہے۔

پہلے حصے میں قرآنی آیات ہیں جو احکام وآداب کو واضح کرتی ہیں۔ اس حصے میں ضروری عنوانات کے تحت آیات دی گئی ہیں اور ان کی مختصر تشریح کی گئی ہے۔